رہبر معظم نے قم کے بعض شہداء کے اہلخانہ سے ملاقات کی - 29 /Oct/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے شہر مقدس قم کے سفر کی آخری شب میں شہید فاطمی، شہید عقلایی اور شہید کارکوب زادہ کے اہلخانہ کے گھروں میں حاضر ہوئے اور انسےملاقات ، گفتگو اور ان کی دلجوئی فرمائیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے ان شہیدوں کے اہلخانہ کے مہر و محبت اور الفت سے سرشار اجتماع میں دفاع مقدس میں شہیدوں کی شجاعت ، قربانی ،ایثار اور ان کے اہلخانہ اور پسماندگان کی بصیرت اور صبر کی تعریف و تجلیل کیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نےقم کے سفر کے دوران عوام کے مختلف طبقات، مراجع عظام تقلید، علماء و فضلا اور دینی طلاب، رضاکار فورس ، یونیورسٹی اساتذہ اور طلباء ، ایثار گروں اور صوبہ قم کے انتظامی امور کے حکام اور اہلکاروں سے ملاقات اور گفتگو کیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامیقم کا دس روزہ دورہ مکمل کرکے آج تہران واپس پہنچ گئے ہیں۔